# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعۂ ہٰذا، اطلاع دی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے حبیب بینک لمیٹڈ (''بینک'') کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروز جمعہ، 21 جون 2019ء، بوقت صبح 10:00 بجے، سرینا ہوٹل، اسلام آباد میں منعقد ہو گا۔

## خصوصی اُمور

1. کیپیٹل ایڈیکویسی ریشو (CAR) کی غرض سے، مکمل اداشدہ، ریٹڈ، دائمی، اَن سکیورڈ، سب آرڈنیٹڈ، غیر مجموعی، کنٹنجنٹ کنور ٹیبل، پرائیوٹلی پلیسڈ (بعد ازاں لسٹڈ) اضافی Tier 1 (ADT-1) سرمائے کے اجرا پر غور و خوض کرنا، جو (5 ارب روپے کے گرین شو آپشن کے ساتھ) 15 ارب روپے تک کے ٹرم فنانس سر ٹیفکیٹس (TFCs) کے لیے اہل ہے۔ اس ضمن میں، درج ذیل قرار داد پر غور کرنا اور، ترمیم کے ساتھ یا بغیر، خصوصی قرار داد کے طور پر منظور کرنا:

''**قرار پایا کہ**، ریڈیم ایبل کیپٹل کے ایک یا متعدد اجرا کی صورت میں، 5 ارب روپے کے گرین شو آپشن کے ساتھ یا بغیر، مجموعی طور پر 15 ارب روپے کے مکمل اداشدہ، ریٹڈ، دائمی، اَن سکیورڈ، سب آرڈنیٹڈ، غیر مجموعی اور کنٹنجنٹ کنور ٹیبل ٹرم فنانس سر ٹیفکیٹس کی، بذریعۂ ہٰذا، منظوری دی جاتی ہے جو تمام ریگولیٹری منظوریوں سے مشروط ہے۔

''**یہ بھی قرار پایا کہ**، بینک کے صدر اور چیف ایگزیکٹیو آفیسر، چیف فنانشل آفیسر، ہیڈ کارپوریٹ اینڈ انویسٹمنٹ بینکنگ اور کمپنی سیکریٹری، مشترکہ طور پر (کوئی بھی دو افراد) تمام ضروری اقدامات کرنے اور ایسے تمام افعال، اقدامات اور معاملات کی انجام دہی یا انجام دہی کا ذریعہ بننے کا اختیار رکھتے ہیں جو ٹرم فنانس سر ٹیفکیٹس کے اجرا کے لیے ضروری ہوں، بشمول بلا تحدید پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں اندراج کے لیے اور ان سے منسلک افعال کی تکمیل اور ایسے دیگر اقدامات، دیگر دستاویزات کا انتظام اور ایسے کارپوریٹ اندراج کروانا جو متعلقہ بالا قرار داد کی اصل روح پر عمل در آمد کی غرض سے لازمی یا مناسب ہوں۔''

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت مطلوبہ معلومات منسلک ہیں۔

## دیگر اُمور

2. چیئر مین کی اجازت سے دیگر اُمور پر غور و خوض کرنا۔

بحکم بورڈ

**نیلوفر حمید**
کمپنی سیکریٹری

21 مئی 2019ء
کراچی

## نوٹس:

1. غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد کے مقصد کے لیے، اراکین (ممبرز) کا رجسٹر اور حصص منتقلی کی کتابیں (شیئر ٹرانسفر بکس) مورخہ 15 جون 2019ء سے 21 جون 2019ء تک (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔

2. صرف وہ اشخاص غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں جن کے نام مورخہ 14 جون 2019ء کو بینک کے اراکین (ممبرز) کے رجسٹر میں موجود ہوں۔

3. غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ایک رُکن (ممبر) دوسرے کسی بھی رُکن (ممبر) کو اپنے پراکسی کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کر سکتا/سکتی ہے، یا یہ کہ ایک کارپوریشن کسی ایسے شخص کو بھی اپنا پراکسی مقرر کر سکتی ہے جو رُکن (ممبر) نہ ہو تاہم باضابطہ طور پر کارپوریشن کی جانب سے مجاز قرار دیا گیا ہو۔ پراکسیز کی تقرری کی اطلاع غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہونا ضروری ہے۔

4. اراکین (ممبرز) سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کو آپریٹیو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شارعِ فیصل، کراچی-74400 کو مطلع کریں۔

5. CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری شدہ مراسلہ (سرکلر) نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000ء میں مذکورہ رہنما اُصولوں (گائیڈ لائنز) پر عمل در آمد کرنا ہو گا۔

## A. غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے مطلوبہ عوامل:

(i) انفرادی اشخاص کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، غیر معمولی اجلاسِ عام کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ، مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرنا ہوں گے (تاوقتیکہ پہلے فراہم نہ کر دیے گئے ہوں)۔

## B. پراکسیز کی تقرری کے لیے مطلوبہ عوامل:

(i) انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کر دی گئی ہیں، مذکورہ بالا مطلوبہ معیار کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی موجود ہو گی، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ، فائدہ حاصل کرنے والے مالکان کے CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول جمع کروائی جائیں گی۔

(iv) پراکسی، غیر معمولی اجلاسِ عام کے وقت، اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ فراہم کرے گا / گی۔

(v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بینک کو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرنا ہوں گے (تاوقتیکہ پہلے فراہم نہ کر دیے گئے ہوں)۔

## کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت، درج بالا اطلاعِ عام میں مذکورہ خصوصی اُمور سے متعلق وضاحتی بیان:

یہ بیانیہ 21 جون 2019ء کو منعقد ہونے والے حبیب بینک لمیٹڈ ("بینک") کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں انجام دیے جانے والے خصوصی اُمور سے متعلق وضاحتی بیان کا احاطہ کرتا ہے۔

## اضافی Tier I سرمایے کے لیے TFCs کا اجرا

.1 اضافی Tier 1 سرمایہ میں شراکت کے لیے، بینک کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 66، ٹرمز شیٹ اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ خط بتاریخ 26 دسمبر 2018ء میں بیان کی گئی شرائط وضوابط کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جاری کردہ Basel III رہنما ہدایات کے تحت ریڈیم ایبل کیپٹل کو ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس کی صورت میں جاری کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ اِن فنڈز کا استعمال بینک کے ایسے کاروباری افعال میں کیا جائے گا جن کی اجازت بینک کے میمورینڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن میں ہے۔

.2 25 اور 26 اکتوبر 2018ء کو منعقدہ اجلاس میں منظور ہونے والی بورڈ کی قرارداد کی روشنی میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے، ریڈیم ایبل کیپٹل کے ایک یا متعدد اجرا کی صورت میں، 5 ارب روپے کے گرین شو آپشن کے ساتھ یا بغیر، مجموعی طور پر 15 ارب روپے کے مکمل اداشدہ، ریٹڈ، دائمی، اَن سکیورڈ، سب آرڈینیٹڈ، غیر مجموعی اور کنٹنجنٹ کنورٹیبل ٹرم فنانس سرٹیفکیٹس ("TFCs") کی منظوری دی جاتی ہے جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری سے مشروط ہے۔

.3 اگر کامن ایکویٹی Tier 1 کا تناسب رسک ویٹڈ ایسٹس کے 6.625٪ یا اس سے کم ہو جائے تو بینک فوری طور پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو مطلع کرے گا اور / یا اگر اسٹیٹ بینک آف پاکستان تعین کرے کہ پوائنٹ آف نان وائبلیٹی پیش آ چکا ہے تو وہ بینک کو حکم دے سکتا ہے کہ وہ ایسے وقت یا اوقات میں، Basel III گائیڈلائنز اور BPRD سرکلر نمبر 8 برائے 2006ء مورخہ 27 جون 2006ء، جسے BPRD سرکلر نمبر 6 برائے 2013ء مورخہ 15 اگست 2013ء کے ذریعے تبدیل اور اپڈیٹ کیا گیا تھا، کے تحت اور مطابق ایسی سفارش اور ایسی شرائط اور ان حالات سے مشروط، جن کا تعین اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے کیا جا سکتا ہے، TFCs کو بینک کے آرڈینری شیئرز میں تبدیل یا رائٹ آف کر دے۔ لاک ان (مارک اپ اجرا کنندہ کی موجودہ سال کی آمدنی پر ادا کیا جائے گا بشرطیکہ اجرا کنندہ وقتاً فوقتاً اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مقررہ ضوابط کی کم از کم درکار سرمائے، کیپٹل ایڈیکویسی ریشو اور لیوریج ریشو کی پاسداری کر رہا ہو) یا غیر اجتماعی فیچر کے انجام دینے کی عدم اہلیت کی بنیاد پر، نقصان برداشت کرنے کی صلاحیت سے متعلق لاگو شرائط کے مطابق، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی صوابدید پر TFCs کی تبدیلی یا رائٹ آف مشروط ہو گی۔

.4 ان TFC کی بینک کے آرڈینری شیئرز میں مذکورہ بالا تبدیلی زیادہ سے زیادہ 117,280,041 آرڈینری شیئرز سے مشروط ہو گی۔

.5 بینک کے ڈائریکٹرز، بینک میں اپنی شیئر ہولڈنگ کے علاوہ، TFCs کے اجرا میں بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی مفاد نہیں رکھتے۔